تبصرہ کتب

نام کتاب خطبات محمدی
صفحات ۹۰۴
قیمت ۲۴۰
ملنے کا پتہ مکتبہ قدوسیہ غزنی سٹریٹ اردو بازار' لاہور

خطبات محمدی کی اہمیت: جمعہ کے خطبات پر دنیا کی مختلف زبانوں میں بیشمار کتابیں موجود ہیں۔ اور ان میں اب بھی مسلسل اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ان میں اچھے برے ہر طرح کے مجموعے پائے جاتے ہیں۔ لیکن عام طور پر یہ خطبے علماء کے طبع زاد اور ان کے زور قلم کا نتیجہ ہیں ہمارے علم و اطلاع کی حد تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جملہ خطبات کی جمع و ترتیب اور منابر جمعہ کے لئے ان کی تقدیم کا عظیم کام اب تک مولانا محمد صاحب جونا گڑھی رحمتہ اللہ علیہ کے علاوہ کسی نے نہیں کیا۔ اس لحاظ سے خطبات محمدیؐ اپنے موضوع پر ایک منفرد اور مثالی کتاب ہے۔

حضرت مولانا مرحوم بذات خود ایک سحربیان خطیب تھے۔ خطابت کا ملکہ فطری طور پر ان کے اندر قدرت نے بڑی فیاضی سے کوٹ کوٹ کر بھر دیا تھا۔ فن خطابت سے ان کی طبعی دلچسپی کا اثر تھا کہ "خطبات محمدیؐ" کی جمع و ترتیب کا خیال ان کے دل میں پیدا ہوا۔ ان کے زمانے میں ان جیسا موثر' جامع خطیب کوئی اور نہ تھا۔ وہ بجا طور پر "خطیب الہند" کہے جانے کے مستحق تھے۔ مولانا مرحوم کو سنت نبویؐ سے عشق تھا۔ احادیث پر ان کی بڑی گہری اور وسیع نظر تھی۔ "خطبات محمدی" میں انہوں نے سارے ذخیرہ حدیث سے چن چن کر خطبات نبویؐ کے موتیوں کو جمع کر دیا ہے۔ "خطبات محمدی" کے اس پورے مجموعہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ہزار سے زائد خطبات موجود ہیں۔

خطبات محمدی کی علمی حیثیت: عام طور پر جمعہ کے خطبات پر جو مجموعے اردو زبان میں پائے جاتے ہیں وہ عموماً" بے حد سطحی' غیر معیاری اور غیر ثقہ ہیں۔ قصے کہانیوں' نظم و اشعار سے بھرپور نہ حالات زمانہ کا لحاظ' نہ دور حاضر کے مسائل پر ہدایات و تبصرہ۔ ان کو سن کر سامعین پر قبرستان جیسا غیر مانوس سناٹا طاری ہو جاتا ہے۔ لیکن "خطبات محمدی" کی زبان اتنی شیریں ہے کہ پڑھنے اور سننے والے دونوں پر یکساں وجد طاری ہو جاتا ہے' لوگ محسوس کرتے ہیں کہ کوئی سحربیان خطیب اپنی شیریں بیانی کا جادو بکھیر رہا ہے اور خطبات کا لفظ لفظ دل میں اترتا جاتا ہے۔ شریعت اسلامیہ کا کوئی ایسا موضوع باقی نہیں جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خطاب نہ فرمایا۔ "خطبات محمدی" کے یہ تمام بکھرے موتی اس مجموعہ میں ایک دلکش ہار کی طرح مناسب ترتیب کے ساتھ پرو دیئے گئے ہیں۔

اس مجموعے میں آپ نہ موضوع احادیث پائیں گے نہ اسرائیلیات' نہ قصے' نہ چٹکلے' بلکہ خطیب الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مستند ترین پاکیزہ' رشد و ہدایات سے بھرپور خطبات' صحیح احادیث اور معتبر مسلم دینی کتب تفسیر و حدیث سے ماخوذ تحقیق و تنقید کی کسوٹی پر کسے ہوئے' چھان پھٹک کر ایک ایک لفظ جانچ تول کر لکھے اور ترتیب دیئے گئے ہیں۔

ہر پڑھے لکھے فرد کے لئے یہ انتہائی اہمیت کی کتاب ہے۔ اس کا مطالعہ ہمارے قارئین کے لئے انتہائی فائدہ مند ہو گا۔